

# اَلطَّلَاق

## بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ
فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ
بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّاْتِيْنَ
بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ
وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ
نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِىْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ
ذٰلِكَ اَمْرًا ﴿۱﴾

اے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جب طلاق دو تم عورتوں کو تو طلاق دو انکو انکی عدت کو پیش نظر رکھ کر اور شمار رکھو عدّت کا۔ اور ڈرو اللہ سے جو تمہارا رب ہے۔ نہ نکالو انہیں انکے گھروں سے اور نہ وہ خود نکلیں مگر یہ کہ وہ کریں بے حیائی کھلے طور پر۔ اور یہ حدیں ہیں اللہ کی۔ اور جو تجاوز کرے گا اللہ کی حدوں سے تو بیشك وہ ظلم کرے گا اپنے آپ پر۔ نہیں جانتے تم کہ شاید اللہ پیدا کر دے اسکے بعد کوئی صورت۔

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

پھر جب پہنچ جائیں وہ اپنی (اختتام عدت)

| | |
|---|---|
| بِمَعۡرُوۡفٍ اَوۡ فَارِقُوۡهُنَّ بِمَعۡرُوۡفٍ وَّاَشۡهِدُوۡا ذَوَىۡ عَدۡلٍ مِّنۡكُمۡ وَاَقِيۡمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ‌ؕ ذٰلِكُمۡ يُوۡعَظُ بِهٖ مَنۡ كَانَ يُؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ  وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلْ لَّهٗ مَخۡرَجًا ۙ ﴿۲﴾ | معیاد کو تو انکو روک لو اچھے طریقہ سے یا علیحدہ کر دو اچھے طریقہ ۔ اور گواہ کر لو دو منصف مردوں کو اپنے میں سے اور( اے گواہو) دو درست گواہی اللہ کے لئے۔ یہ ہے وہ نصیحت جو کی جاتی ہے اسکو جو ایمان رکھتا ہے اللہ پر اور روز آخرت پر۔ اور جو کوئی ڈرے گا اللہ سے ۔ وہ پیدا کر دے گا اسکے لئے نجات کی صورت ۔ |
| وَّيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ ‌ؕ وَمَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىۡءٍ قَدۡرًا ﴿۳﴾ | اور وہ رزق دے گا اسکو ایسی جگہ سے جہاں سے نہ ہو اسکو گمان ۔ اور جو بھروسہ رکھے گا اللہ پر تو وہ اسکے لئے کافی ہو گا۔ بیشک اللہ پورا کر دیتا ہے اپنے کام ۔ بلا شبہ مقرر کر رکھا ہے اللہ نے ہر چیز کا ایک اندازہ ۔ |
| وَالّٰٓـئِىۡ يَئِسۡنَ مِنَ الۡمَحِيۡضِ مِنۡ نِّسَآئِكُمۡ اِنِ ارۡتَبۡتُمۡ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشۡهُرٍ وَّالّٰٓـئِىۡ لَمۡ يَحِضۡنَ ‌ؕ وَاُولَاتُ الۡاَحۡمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنۡ يَّضَعۡنَ حَمۡلَهُنَّ ؕ | اور وہ جو ناامید ہو چکی ہوں حیض سے تمہاری عورتوں میں سے۔ اگر تمکو شبہ ہو تو انکی عدّت تین مہینے ہے۔ اور وہ بھی جنکو ابھی حیض نہیں آنے لگا ۔ اور جو حمل والی عورتیں ہوں انکی میعاد یہ ہے کہ وہ بچہ جن لیں ۔ اور جو |

| | |
|---|---|
| وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مِنۡ اَمۡرِهٖ يُسۡرًا ﴿٤﴾ | ڈرے گا اللہ سے وہ پیدا کر دے گا اسکے لئے اسکے کام میں سہولت ۔ |
| ذٰلِكَ اَمۡرُ اللّٰهِ اَنۡزَلَهٗۤ اِلَيۡكُمۡ ؕ وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرۡ عَنۡهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعۡظِمۡ لَهٗۤ اَجۡرًا ﴿٥﴾ | یہ حکم ہے اللہ کا جو اسنے نازل کیا ہے تم پر ۔ اور جو ڈرے گا اللہ سے وہ دور کر دے گا اس سے اس کی برائیاں اور بخشے گا اسے عظیم اجر ۔ |
| اَسۡكِنُوۡهُنَّ مِنۡ حَيۡثُ سَكَنۡتُمۡ مِّنۡ وُّجۡدِكُمۡ وَلَا تُضَآرُّوۡهُنَّ لِتُضَيِّقُوۡا عَلَيۡهِنَّ ؕ وَاِنۡ كُنَّ اُولَاتِ حَمۡلٍ فَاَنۡفِقُوۡا عَلَيۡهِنَّ حَتّٰى يَضَعۡنَ حَمۡلَهُنَّ ۚ فَاِنۡ اَرۡضَعۡنَ لَكُمۡ فَاٰتُوۡهُنَّ اُجُوۡرَهُنَّ ۚ وَاۡتَمِرُوۡا بَيۡنَكُمۡ بِمَعۡرُوۡفٍ ۚ وَاِنۡ تَعَاسَرۡتُمۡ فَسَتُرۡضِعُ لَهٗۤ اُخۡرٰى ؕ ﴿٦﴾ | رکھو ان (طلاق والی عورتوں) کو ایسی جگہ جہاں خود رہتے ہو اپنی حیثیت کے مطابق ۔ اور نہ تکلیف دو انکو تا کہ تنگی ڈالو ان پر ۔ اور اگر وہ ہوں حاملہ تو خرچ کرتے رہو ان پر یہاں تک کہ وہ بچہ جن لیں ۔ پھر اگر وہ دودھ پلائیں تمہارے لئے تو دیدو انکو ان کی اجرت ۔ اور موافقت رکھو آپس میں پسندیدہ طریقے سے ۔ اور اگر باہم نااتفاقی کرو تو دودھ پلائے گی اسکی خاطر سے کوئی دوسری عورت ۔ |

لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ؕ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ﴿۷﴾

خرچ کرنا چاہیے صاحب وسعت کو اپنی وسعت کے مطابق۔ اور جس کے لئے تنگ کر دیا گیا ہو اسپر اسکا رزق تو وہ خرچ کرے اسمیں سے جتنا دیا ہے اسکو اللہ نے ۔ نہیں زیربار کرتا اللہ کسی جان کو مگر جتنا اسکو دیا ہے۔ عنقریب کر دے گا اللہ بعد تنگی کے آسانی ۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿۸﴾

اور کتنی ہی بستیاں ہیں جنھوں نے سرکشی کی حکم کی اپنے رب کے اور اسکے رسولوں کے تو پکڑ لیا ہم نے انکو سخت حساب میں اور ان کو عذاب دیا بدترین عذاب ۔

فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿۹﴾

سو چکھ لی انہوں نے سزا اپنے کاموں کی اور ہوا انجام ان کے معاملے کا خسارے والا۔

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ ۛۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ ؕ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۙ ﴿۱۰﴾

تیار کر رکھا ہے اللہ نے انکے لئے سخت عذاب۔ تو ڈرو اللہ سے اے عقل والو جو ایمان لائے ہو۔ بیشک نازل کردی ہے اللہ نے تمہاری طرف نصیحت ۔

رَّسُوۡلًا يَّتۡلُوۡا عَلَيۡكُمۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ
مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخۡرِجَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ
اِلَى النُّوۡرِ ؕ وَمَنۡ يُّؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ وَيَعۡمَلۡ
صَالِحًا يُّدۡخِلۡهُ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ
تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اَبَدًا ؕ قَدۡ
اَحۡسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزۡقًا ﴿۱۱﴾

ایک رسول جو پڑھتا ہے تمہارے سامنے آیات
اللہ کی جو روشن ہیں تاکہ وہ نکال لائے انکو جو
ایمان لائے اور کرتے رہے نیک اعمال
اندھیروں میں سے روشنی کی طرف ۔ اور جو ایمان
لائے اللہ پر اور کرے نیک عمل وہ انکو داخل
کریگا جنتوں میں بہ رہی ہیں جنکے نیچے نہریں ۔
وہ رہیں گے ان میں ہمیشہ ۔ بیشک بہترین
رکھا ہے اللہ نے انکے لئے رزق ۔

اَللّٰهُ الَّذِىۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ
الۡاَرۡضِ مِثۡلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الۡاَمۡرُ بَيۡنَهُنَّ
لِتَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۙ
وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدۡ اَحَاطَ بِكُلِّ شَىۡءٍ
عِلۡمًا ﴿۱۲﴾ ع

اللہ وہی ہے جس نے پیدا کئے سات آسمان
اور زمین بھی انکی طرح ۔ نازل ہوتا رہتا ہے
اسکا حکم انکے درمیان تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر
چیز پر قادر ہے ۔ اور یہ کہ اللہ احاطہ کئے ہوئے
ہے ہر چیز کا اپنے علم سے ۔